04-04-2022 39cm x 3 cols.

شیر ٹائلز اینڈ سرامکس لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: 15واں مائل اسٹون، نیشنل ہائی وے، لانڈھی،
کراچی-75120 فون: 13-38183610 (021)

اطلاع گیارواں غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ شیر ٹائلز اینڈ سرامکس لمیٹڈ کا گیارواں غیر معمولی اجلاس عام بذریعہ وڈیو کانفرنس کراچی میں بروز جمعہ ۲۹ اپریل ۲۰۲۲ء کو شام ۰۰:۴ بجے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

عمومی کارروائی

۱۔ بورڈ نے کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ کے تحت کمپنی کے سات (۷) ڈائریکٹرز کا انتخاب بروز جمعہ ۶ مئی ۲۰۲۲ء سے شروع ہونے والی ۳ سالہ مدت کیلئے کیا ہے۔ درج ذیل ڈائریکٹرز سبکدوش ہو رہے ہیں اور دوبارہ انتخاب کیلئے اہل ہیں:

۱۔ جناب رفیق ایم۔ حبیب	۲۔ سید مسعود عباس جعفری
۳۔ جناب عبدالحئی ایم۔ بھائیاں	۴۔ جناب محمد سلمان برنی
۵۔ جناب فیروز جہانگیر کاؤجی	۶۔ محترمہ فرحانہ ماؤجی خان
۷۔ جناب عمران علی حبیب	

۲۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ
اویس جامانی
کمپنی سیکریٹری

کراچی
۷ اپریل ۲۰۲۲ء

نوٹ:

COVID-19 (کورونا وائرس) سے متعلق جاری خطرات کے پیش نظر فزیکل اجلاس کے انعقاد سے منسلک خدشات اور عوامی اجتماعات کے لئے ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنانے میں عملی مشکلات اور شیئر ہولڈرز کے تحفظ کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اس کے سرکلر نمبر۴ بابت ۲۰۲۱ء مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۲۱ء، سرکلر نمبر۶ بابت ۲۰۲۱ء مورخہ ۳ مارچ ۲۰۲۱ء اور مزید برآں سرکلر نمبر SMD/SE/2(2021)/117 مورخہ ۱۵ دسمبر ۲۰۲۱ء کے تحت کمپنی غیر معمولی اجلاس عام کا انعقاد ورچوئل طریقے سے کرے گی اور اس سلسلے میں ممبران کی وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی غرض سے مناسب انتظامات کر دیئے گئے ہیں۔

غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ وڈیو لنک کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ خود کو کمپنی سیکریٹری کے آفس کے پاس ای او جی ایم سے کم از کم ۱۲ ایام کار قبل درج ذیل دستاویزات فراہم کر کے corporate@stile.com.pk پر رجسٹر کرالیں:

شیئر ہولڈر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر/سی ڈی ایس نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

اجلاس کے مقررہ وقت سے ۳۰ منٹ قبل لاگ اِن کی سہولت کھول دی جائے گی تاکہ شرکت کنندگان شناختی عمل مکمل ہونے کے بعد اجلاس میں شرکت کر سکیں۔ شیئر ہولڈرز اس سلسلے میں شناخت اور تصدیق کے لئے درکار تمام تر کارروائیاں مکمل ہونے کے بعد اپنی ڈیوائسز کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائیوں میں شامل اور شرکت کر سکیں گے۔

۱۔ **کتاب کی بندش:** کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بک ۱۲۳ اپریل ۲۰۲۲ء تا ۲۹ اپریل ۲۰۲۲ء (بشمول دونوں ایام) ووٹنگ کے حقوق کا تعین کرنے کی غرض سے بند رہیں گی۔ کمپنی کے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی۔ فون: 500-111-111 (21-92) فیکس 34326053 (21-92) میں ۲۲ اپریل ۲۰۲۲ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصولہ ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت کے لئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

۲۔ کوئی بھی ایسا ممبر جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، اسے کمپنی کے پاس درج ذیل دستاویزات اس کے رجسٹرڈ آفس (یعنی 15واں مائل اسٹون، نیشنل ہائی وے، لانڈھی انڈسٹریل ایریا، کراچی) میں غیر معمولی اجلاس عام کے دن سے کم از کم ۱۴ (چودہ) دن قبل جمع کرانی ہوں گی۔

اے۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن (۳)۱۵۹ کی شرائط کے تحت خود کو الیکشن کیلئے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس اسے درج ذیل امر کی توثیق بھی کرنا ہوگی کہ:

i) وہ کسی بھی نافذ العمل قوانین اور ضوابط (بشمول پاکستان اسٹاک ایکسچینج ریگولیشنز) کے تحت لسٹڈ کمپنیز کا ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل نہیں ہے۔

ii) وہ بیک وقت سات (۷) سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا/رہی۔ یہ بھی واضح کیا جاتا ہے کہ اس میں لسٹڈ ہولڈنگ کمپنی کے لسٹڈ ذیلی اداروں کی ڈائریکٹرشپ شامل نہیں ہے۔

iii) وہ مروجہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ قوانین اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس)، ریگولیشنز ۲۰۱۹ کے تحت کمپنی کے ڈائریکٹر/انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے منتخب شدہ ہونے کے بارے میں اپنے فرائض اور اختیارات سے بخوبی واقف ہوں۔

iv) نہ تو وہ اور نہ ہی اس کا/کی شریک حیات بروکریج کے کاروبار سے منسلک ہے یا کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا اسپانسر، ڈائریکٹر یا آفیسر ہے۔

بی۔ کمپنی ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۶۷ کے تحت فارم ۲۸ پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کا اجازت نامہ۔

سی۔ ایک مفصل پروفائل بشمول دفتر کا پتہ، جو کمپنی کی ویب سائٹ پر درج کیا جائے گا۔

متعلقہ دستاویزات کی ایک کاپی کمپنی کے کمپنی سیکریٹری آفس سے حاصل کی جاسکتی ہے یا سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔

۳۔ کوئی بھی ڈائریکٹر الیکشن آف ڈائریکٹرز میں حصہ لینے کیلئے اپنے اجازت نامے داخل کرنے کے وقت لازماً کمپنی کا ایک ممبر ہونا چاہیئے ماسوائے ممبر کی نمائندگی کرنے والے فرد، جو نیچرل فرد نہیں ہے۔

۴۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کئے جائیں (اگر یہ اس سے قبل فراہم نہیں کئے گئے)۔

۵۔ کمپنیز (پوسٹل بیلوٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۴۳ اور ۱۴۴ کی شرائط سے مشروط ممبران کو پوسٹل بیلوٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی جو کہ پوسٹ کے ذریعے ووٹ یا بذریعہ کوئی بھی الیکٹرونک طریقہ کار ہوسکتا ہے جو کہ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل شرائط اور طریقہ کار کے مطابق ہو۔

۶۔ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا ممبر کسی دوسرے ممبر کو شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسیز کے موثر ہونے کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ کمپنی کو اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جائیں۔

۷۔ غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس شیئر ہولڈرز کو ارسال کئے جانے کے ساتھ ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ www.stile.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن (۳)۱۶۶ کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں ضروری حقائق کا بیان

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز کے عہدے کی مدت ۵ مئی ۲۰۲۲ء کو ختم ہوجائے گی کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ (ایکٹ) کے سیکشن (۱)۱۵۹ کی شرائط کے مطابق ۳ سال کی مدت کیلئے آئندہ غیر معمولی اجلاس عام میں منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (۷) مقرر کی گئی ہے۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ (''دی ایکٹ'') کی شرائط کے تحت انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور انہیں ایکٹ کے (۲)۱۶۶ کے تحت اہلیت کے معیار پر پورا اترنا ہوگا اور کمپنیز (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب میں بحیثیت انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر انتخاب کے خواہشمند امیدواروں کی جانب سے درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرائے جائیں:

اے۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ کی شق ۶(۳) کے تحت انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) کی جانب سے ڈیکلریشن، اور

بی۔ نان۔جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر اس امر کا حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے ضابطہ ۴ کے ضمنی ریگولیشنز (۱) کی شرائط پر پورا اُترتے/اُترتی ہیں۔

موجودہ ڈائریکٹرز صرف اپنی مدت میں توسیع کی حد تک خواہشمند ہیں کیونکہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی حیثیت سے دوبارہ انتخاب کے لئے اہل ہیں۔